ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(143)

01-01-2023

## بہاول پور() ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع بہاولپور میں پہلی ڈیجیٹل مردم شماری شروع کر دی گئی، پروف سیکیورٹی کے انتظامات۔تمام شہریوں کے ساتھ ساتھ مردم شماری کے سلسلہ میں ورکرز کو بلاخوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے،معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی پالیسی ضلع میں معاشرتی امن اورفول پروف سیکیورٹی کے انتظامات کے حوالے سے احکامات کی روشنی میں پنجاب بھرکی طرح ضلع بہاولپور میں پہلی ڈیجیٹل مردم شماری شروع کر دی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر اس حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کیا جاچکا ہے،مورخہ 01مارچ 2023 سے ضلع بھرمیں مہم کے مختلف حلقہ جات میں 1750 سے زائد پولیس افسران وملازمان اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے،اس کے علاوہ ہر سرکل میں ایک ایلیٹ کی اسکواڈ بھی گشت کرے گی۔ایس ڈی پی اوز اورایس ایچ اوز ورکرز کی سیکیورٹی کو باقاعدگی سے چیک کریں،مردم شماری مہم کے سلسلہ میں ورکرز جو کہ مفاد عامہ اورریاستی احکامات کی روشنی میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں،ان کی سیکیورٹی اولین ترجیح ہے،مردم شماری کے ورکرز کو بلاخوف وخطر پرامن ماحول کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے،ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو چیک اورالرٹ رکھیں تاکہ ضلع میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھا جا سکے،ان خیالات کا اظہار ڈی پی اوسید محمد عباس نے ایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کو سیکیورٹی پلان پر عمل درآمد کے حوالے سے جاری احکامات میں کیا۔ڈی پی او آفس بہاولپور میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں 15 یا 062-9250015/062-9250369ان نمبرز پر کال کر سکتے ہیں

ترجمان بہاولپور پولیس



ضلع بہاولپور میں پہلی ڈیجیٹل مردم شماری شروع کر دی گئی،فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(144)

01-03-2023

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،18 ملزمان گرفتار،300 گرام چرس، 140لیٹر دیسی شراب،اسلحہ ناجائز برآمد،مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ"اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کومنشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کرلی۔تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ،سٹی احمد پور شرقیہ،خیر پور ٹامیوالی اور سٹی حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے140لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے02ملزم کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 300 گرام چرس اور 02عدد شیشہ ہکہ برآمد کر لیے۔تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے قحبہ خانہ سے 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،مختلف مقدمات میں 18ملزمان گرفتار**